فیس کے متعلق حقائق

Norwegian Motor Insurers’ Bureau (TFF) ناروے کی تمام گاڑیوں کی بیمہ کمپنی کے لئے ایک اشتراکی تنظیم ہے جس کے تحت گاڑیوں کا بیمہ (ٹریفک بیمہ) کیا جاتا ہے۔ ناروے کی تمام گاڑی کی بیمہ کمپنیوں کو قانون کے تحت اس ادارے کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ اگر چوٹ یا نقصان کی وجہ بننے والا شخص نامعلوم ہو، اس نے بیمہ حاصل نہ کیا ہو یا غیرملک گاڑی چلا رہا ہو تو TFF معاوضہ دلواتا ہے۔

اس فیس میں کیا کیا شامل ہے؟
ہر وہ شخص جس کے پاس رجسٹر شدہ گاڑی ہو، اسے بیمہ کروانا ضروری ہے۔ گاڑی کا بیمہ نہ کروانے کی صورت میں آپ کو یکم مارچ 2018ء سے یومیہ فیس چارج کی جائے گی۔

یومیہ اخراجات کیا ہیں؟
Moped, tractor, motor vehicle, veteran vehicle: 50 NOK per day
Car, van, caravan, tracked vehicle, motorcycle, snowmobile: 150 NOK per day
Bus, truck: 250 NOK per day

یہ فیس کیوں متعارف کروائی گئی ہے؟
اس فیس کا مقصد گاڑیوں کے مالکان کو اپنی گاڑیوں کا بیمہ کروانے پر آمادہ کرنا ہے۔

فیس سے کس طرح بچا جاسکتا ہے؟
آپ کے پاس دو راستے ہیں:
- گاڑی کا بیمہ کروائیں، یا
- Statens vegvesen (Norwegian Public Roads Administration) کے پاس لائسنس پلیٹس جمع کروائیں

کن گاڑیوں کا بیمہ کروانا ضروری ہے؟
ان تمام گاڑیوں کا بیمہ کروانا ضروری ہے جن پر لائسنس پلیٹس لگی ہوں یا جو رجسٹر شدہ کی کیفیت رکھتے ہوں، جیسے کہ گاڑیاں، موپیڈ، موٹرسائیکل، اے ٹی وی، ٹریکٹر اور بس وغیرہ۔

کونسی گاڑیوں کا بیمہ کروانے کی ضرورت نہیں ہے؟
ان گاڑیوں کے لئے بیمہ کروانے کی ضرورت نہیں ہے جن کی رجسٹریش منسوخ ہوچکی ہوں، ختم ہوچکی ہو، یا جو تباہ یا چوری ہوچکی ہوں۔ اس کے علاوہ ٹریلرز یا کاروانوں کو بھی ٹریفک کا بیمہ کروانے کی ضرورت نہیں ہے۔

گاڑی کا بیمہ کونسی تاریخ سے شروع کروانا چاہئیے؟
گاڑی کا بیمہ خریداری کی تاریخ سے یا گاڑی کی ملکیت حاصل کرنے کی تاریخ سے شروع کرنے کی ضرورت ہے۔

ٹریفک کا بیمہ کروانے کی ذمہ داری کس کی ہے؟
گاڑی کا بیمہ کروانے کی ذمہ داری مالک کی ہے۔

گاڑی کے مالک کو اس وقت بھی گاڑی کا بیمہ کروانے کی ضرورت ہے اگر
- اسے استعمال نہ کیا جارہا ہو
- اسے سال میں صرف چند دفعہ استعمال کیا جائے
- وہ خراب ہو
... جب تک لائسنس پلیٹس لگی ہوں گی، اس وقت تک گاڑی کا بیمہ ہونا ضروری ہے

رجسٹریشن کا اختتام
اگر گاڑی کو تباہ کردیا جائے یا بیرون ملک برآمد کیا جائے تو اس کی رجسٹریشن ختم کرنے کی ضرورت ہے۔ رجسٹریشن کا اختتام Statens vegvesen میں کروایا جاتا ہے۔

موٹر گاڑی کے رجسٹر میں غلط معلومات
اگر آپ سمجھتے ہیں کہ موٹر گاڑی کے رجسٹر میں موجود معلومات غلط ہے تو برائے مہربانی Statens vegvesen سے رابطہ کریں۔

فیس کی عدم ادائیگی
فیس ادا نہ کرنے کی صورت میں Norwegian Motor Insurers’ Bureau یاددہانیاں بھیجے گا اور قانونی کارروائی بھی شروع کرسکتا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ چیکنگ کی صورت میں گاڑی کی رجسٹریشن منسوخ ہوجائے گی۔ برائے مہربانی نوٹ کریں کہ بیمہ ادا کرنے پر پہلے سے جاری کردہ یومیہ تاخیر کی فیس کو منسوخ نہیں کیا جائے گا۔

بیمہ کے پریمیمز کی عدم ادائیگی
وقت پر پریمیم ادا نہ کرنے کی صورت میں بیمہ کی کمپنی ٹریفک کا بیمہ منسوخ کرنے کا حق رکھتی ہے۔ جائز ٹریفک کے بیمے کے بغیر گاڑی چلانے کی ممانعت ہے اور گاڑی کی چیکنگ کے نتیجے میں اس کی رجسٹریشن کی منسوخی ممکن ہے۔